# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON FEDERAL EDUCATION, PROFESSIONAL TRAINING, NATIONAL HERITAGE AND CULTURE ON THE FEDERAL BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION (AMENDMENT) BILL, 2024

I, Chairman of the Standing Committee on Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture, have the honor to present this report on the Bill further to amend the Federal Board of Intermediate and Secondary Education Act, 1975 (LXVIII of 1975) [The Federal Board of Intermediate and Secondary Education (Amendment) Bill, 2024] (Government Bill), referred to the Committee on 22nd January, 2025.

2. The Committee comprises the following: -

| | | |
|---|---|---|
| **(1)** | **Dr. Azim Uddin Zahid Lakhvi** | **Chairman** |
| (2) | Mr. Anjum Aqeel Khan | Member |
| (3) | Raja Khurram Shahzad Nawaz | Member |
| (4) | Ms. Nosheen Iftikhar | Member |
| (5) | Mr. Zulfiqar Ali Bhatti | Member |
| (6) | Syed Sami Ul Hasan Gilani | Member |
| (7) | Ms. Zeb Jaffar | Member |
| (8) | Ms. Farah Naz Akbar | Member |
| (9) | Ms. Musarrat Asif Khawaja | Member |
| (10) | Mr. Abdul Hakeem Baloch | Member |
| (11) | Dr. Shazia Sobia Aslam Soomro | Member |
| (12) | Ms. Mahtab Akbar Rashdi | Member |
| (13) | Ms. Mussarat Rafique Mahesar | Member |
| (14) | Mr. Abdul Aleem Khan | Member |
| (15) | Ms. Sabheen Ghoury | Member |
| (16) | Mr. Asif Khan | Member |
| (17) | Mr. Dawar Khan Kundi | Member |
| (18) | Mr. Usama Hamza | Member |
| (19) | Mr. Fiaz Hussain | Member |
| (20) | Mr. Muhammad Aslam Ghumman | Member |
| (21) | Dr. Khalid Maqbool Siddiqui,<br>Minister for Federal Education, Professional Training | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly, placed at **'Annex-A'**, in its meetings held on 30-01-2025, 07-02-2025 and recommends that the Bill as reported by the Standing Committee placed at **'Annex-B'** may be passed by the National Assembly.

**Sd/-**
**(DR. AZIM UDDIN ZAHID LAKHVI)**
Chairman

**Sd/-**
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary General
Islamabad, the 11th February, 2025

ANNEX-A

[Published in the Gazette of Pakistan, Extraordinary, Part-1, dated the 7th December, 2024]

ORDINANCE NO. IX OF 2024

AN

ORDINANCE

*further to amend the Federal Board of Intermediate and Secondary Education Act, 1975* .

WHEREAS it is expedient to amend the Federal Board of Intermediate and Secondary Education Act, 1975 (LXVIII of 1975), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

AND WHEREAS, the Senate and National Assembly are not in session, and that President of the Islamic Republic of Pakistan is satisfied that the circumstances exist which render it necessary to take immediate action;

NOW THEREFORE, in exercise of powers conferred by clause (1) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the President of the Islamic Republic of Pakistan is pleased to make and promulgate the following Ordinance, namely:-

1. **Short title and commencement.**—(1) This Ordinance shall be called the Federal Board of Intermediate and Secondary Education (Amendment) Ordinance, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 5, Act LXVIII of 1975.**— In the Federal Board of Intermediate and Secondary Education Act, 1975 (LXVIII of 1975), hereinafter referred to as the said Act, in section 5,–

(a) in clause (a), for the words "Federal Government", the words "Prime Minister" shall be substituted;

(b) in clause (b), for the words "University Grants Commission", the words "Higher Education Commission" shall be substituted;

(c) in clause (c), for the words "Deputy Secretary", the words "Joint Secretary" shall be substituted;

(d) for clause (1), the following shall be substituted, namely: –

"(1) one representative of each Provincial Government in the field of education and Secretary School Education of the Government of Azad Jammu and Kashmir and Government of Gilgit-Baltistan respectively;";

**ANNEX – B**

## [AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

BILL

*further to amend the Federal Board of Intermediate and Secondary Education Act, 1975*

WHEREAS it is expedient to amend the Federal Board of Intermediate and Secondary Education Act, 1975 (LXVIII of 1975), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

1. **Short title and commencement**.- (1) This Bill shall be called the Federal Board of Intermediate and Secondary Education (Amendment) Bill, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 5, Act LXVIII of 1975**. – In the Federal Board of Intermediate and Secondary Education Act, 1975 (LXVIII of 1975), hereinafter referred to as the said Act, in section 5,-

(a) in clause (a), for the words "Federal Government", the words "Prime Minister" shall be substituted;

(b) in clause (b), for the words "University Grants Commission", the words "Higher Education Commission" shall be substituted;

(c) in clause (c), for the words "Deputy Secretary", the words "Joint Secretary" shall be substituted;

(d) In clause (k), the word "and", at the end shall be omitted;

(e) for clause (1), the following shall be substituted, namely: -

"(1) one representative of each Provincial Government in the field of education and Secretary School Education of the Government of Azad Jammu and Kashmir and Government of Gilgit-Baltistan respectively;";

(f) after clause (l), as amended aforesaid, the following new clauses shall be inserted, namely:-

"(m) Chief Executive Officer of the Software Export Board;

(n) Chairperson of the Information Technology Department of the National University of Science and Technology:

(o) Chairperson of the Information Technology Department of the National University of Technology, and

(p) Director of the National Curriculum Council.".

3. **Amendment of section 8, Act LXVIII of 1975.**- In the said Act, in section 8, in sub-section (2),-

(a) after clause (b), the following new clause (ba) shall be inserted, namely:-

"(ba) to assist examination boards of other provinces;";

(b) after clause (d), the following new clause (da) shall be inserted, namely:-

"(da) to collaborate with national and international boards:";

(c) in clause (e), for the words "Federal Government", the words "Prime Minister" shall be substituted;

(d) in clause (f), for the words "Federal Government", the words "Prime Minister" shall be substituted;

(e) after clause (q), the following new clause (qa) shall be inserted, namely:-

"(qa) to establish regional offices in Pakistan;".

4. **Amendment of section 11, Act of LXVIII of 1975.**- In the said Act, in section 11,-

(a) for sub-section (1), the following shall be substituted, namely:-

"(1) The Chairman may be appointed by the Prime Minister either through initial appointment on such terms and conditions as may be determined by the Prime Minister or on deputation basis, a government servant not less than BS 20,."; and

(b) in sub-section (2), for the word "second term"; the word "renewable terms" shall be substituted.

5. **Amendment of section 12, Act LXVIII of 1975.**- In the said Act in section 12, in sub-section (1) for the words "Federal Government", the words "Prime Minister" shall be substituted.

6. **Amendment or section 13, Act LXVIII of 1975.**- In the said Act, in section 13 in sub-section (2), in the proviso, for the words "Federal Government" the words "Prime Minister" shall be substituted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

1. To strengthen government initiatives and ensure the provision of quality education for the general public, the role of intermediate and secondary education is of paramount importance. Achieving this goal requires aligning the rules and regulations of the Federal Board of Intermediate and Secondary Education with international standards and contemporary needs. Intermediate and secondary education serves as a critical foundation for students' future career development and cannot be overlooked.

2. Consequently, the Act has been amended to provide a comprehensive framework for the Board to organize, regulate, conduct, and oversee intermediate and secondary education in line with best practices. The proposed amendments aim to facilitate swift and flexible decision-making while enabling the Board to establish international collaborations. Furthermore, the composition of the Board has been revised to adopt a more inclusive approach, ensuring that the perspectives of all relevant stakeholders are considered in key decision-making processes.

3. These government measures are expected to serve as a catalyst for enhancing the quality of intermediate and secondary education, thereby removing obstacles to students' future career prospects.

4. The proposed amendment Bill is intended to achieve these objectives.

**Sd/-**

**(DR. KHALID MAQBOOL SIDDIQUI)**

Federal Minister for Federal Education and Professional Training, Islamabad

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## وفاقی بورڈ برائے انٹر میڈیٹ وثانوی تعلیم (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء پر قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت، قومی ورثہ وثقافت کی رپورٹ

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت، قومی ورثہ و ثقافت ۲۲ جنوری، ۲۰۲۵ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ وفاقی بورڈ برائے انٹر میڈیٹ وثانوی تعلیم ایکٹ، ۱۹۷۵ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [وفاقی بورڈ برائے انٹر میڈیٹ وثانوی تعلیم (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| (۱) | **ڈاکٹر عظیم الدین زاہد لکھوی** | **چیئرمین** |
| (۲) | جناب انجم عقیل خان | رکن |
| (۳) | راجہ خرم شہزاد نواز | رکن |
| (۴) | محترمہ نوشین افتخار | رکن |
| (۵) | جناب ذوالفقار علی بھٹی | رکن |
| (۶) | سید سمیع الحسن گیلانی | رکن |
| (۷) | محترمہ زیب جعفر | رکن |
| (۸) | محترمہ فرح ناز اکبر | رکن |
| (۹) | محترمہ مسرت آصف خواجہ | رکن |
| (۱۰) | جناب عبدالحکیم بلوچ | رکن |
| (۱۱) | ڈاکٹر شازیہ ثوبیہ اسلم سومرو | رکن |
| (۱۲) | محترمہ مہتاب اکبر راشدی | رکن |
| (۱۳) | محترمہ مسرت رفیق مہیسر | رکن |
| (۱۴) | جناب عبدالعلیم خان | رکن |
| (۱۵) | محترمہ سبین غوری | رکن |
| (۱۶) | جناب آصف خان | رکن |
| (۱۷) | جناب داور خان کنڈی | رکن |
| (۱۸) | جناب اسامہ حمزہ | رکن |
| (۱۹) | جناب فیاض حسین | رکن |
| (۲۰) | جناب محمد اسلم گھمن | رکن |
| (۲۱) | ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی<br>وزیر برائے وفاقی تعلیم وپیشہ ورانہ تربیت | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۳۰ جنوری، ۲۰۲۵ء، ۷ فروری، ۲۰۲۵ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ۔'الف' کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور سفارش کرتی ہے کہ قومی اسمبلی منسلکہ۔ب پر بل کو قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں منظور کرے۔

دستخط/۔
**(ڈاکٹر عظیم الدین زاہد لکھوی)**
**چیئرمین**

دستخط/۔
**(طاہر حسین)**
سیکرٹری جنرل
اسلام آباد، ۱۱ فروری، ۲۰۲۵ء

[جریدہ پاکستان، غیر معمولی حصہ اول مورخہ 7 دسمبر 2024 میں شائع ہوا]

آرڈیننس نمبر ۹ مجریہ ۲۰۲۴ء

# وفاقی بورڈ برائے انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیم ایکٹ، ۱۹۷۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا آرڈیننس

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے اور ایسے طریقہ کار میں، وفاقی بورڈ برائے انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیم ایکٹ، ۱۹۷۵ء (۶۸ مجریہ ۱۹۷۵ء) میں ترمیم کی جائے؛

اور چونکہ، سینٹ اور قومی اسمبلی کے اجلاس نہیں ہو رہے ہیں، اور صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان کو اطمینان حاصل ہے کہ ایسے حالات موجود ہیں جن کی بناء پر فوری کارروائی کرنا ضروری ہے؛

لہذا اب، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۱) کی رو سے حاصل شدہ اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے، صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان نے حسب ذیل آرڈیننس وضع اور جاری کیا ہے، یعنی:-

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:-** (۱) یہ آرڈیننس وفاقی بورڈ برائے انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیم (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۶۸ بابت ۱۹۷۵ء کی، دفعہ ۵ کی ترمیم:-** وفاقی بورڈ برائے انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیم ایکٹ، ۱۹۷۵ء (۶۸ مجریہ ۱۹۷۵ء) میں، بعد ازیں جس کا حوالہ مذکورہ ایکٹ کے طور پر دیا گیا ہے کی، دفعہ ۵ میں،-

(الف) شق (الف) میں، الفاظ "وفاقی حکومت" کو، الفاظ "وزیر اعظم" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ب) شق (ب) میں، الفاظ "یونیورسٹی گرانٹس کمیشن" کو، الفاظ "اعلیٰ تعلیمی کمیشن" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ج) شق (ج) میں، الفاظ "ڈپٹی سیکرٹری" کو، الفاظ "جوائنٹ سیکرٹری" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(د) شق (ل) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:-

''(ل) تعلیم کے شعبے میں ہر صوبائی حکومت کا ایک نمائندہ اور آزاد جموں کشمیر کی حکومت کا اور گلگت بلتستان کی حکومت کا بالترتیب سیکرٹری سکول ایجوکیشن؛''

(ہ) شق (ک) میں، آخر میں لفظ ''اور'' کو حذف کر دیا جائے گا؛

(و) شق (ل) کے بعد، حسب ذیل نئی شقات کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(م) سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ کا چیف ایگزیکٹو افسر؛

(ن) قومی یونیورسٹی برائے سائنس و ٹیکنالوجی کے انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ کا چیئر پرسن؛

(س) قومی یونیورسٹی برائے ٹیکنالوجی کے انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ کا چیئر پرسن؛ اور

(ع) قومی نصاب کونسل کا ڈائریکٹر''۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۶۸ بابت ۱۹۷۵ء کی، دفعہ ۸ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸ کی، ذیلی دفعہ (۲) میں،۔

(الف) شق (ب)، کے بعد حسب ذیل نئی شق (ب الف) کا اندراج کیا جائے گا، یعنی:۔

''(ب الف) دیگر صوبوں کے بورڈز کو امتحان میں معاونت کرنا؛''؛

(ب) شق (د)، کے بعد حسب ذیل نئی شق (د الف) کا اندراج کیا جائے گا، یعنی:۔

''(د الف) قومی اور بین الاقوامی بورڈ کے ساتھ تعاون کرنا؛''؛

(ج) شق (ہ) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت''، الفاظ ''وزیراعظم'' سے تبدیل کئے جائیں گے؛

(د) شق (و) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت''، الفاظ ''وزیراعظم'' سے تبدیل کئے جائیں گے؛ اور

(ہ) شق (ف) کے، بعد حسب ذیل نئی شق (ف الف) کا اندراج کیا جائے گا، یعنی:۔

''(ف الف) پاکستان میں دفاتر قائم کرنا؛''؛

۴۔ **ایکٹ نمبر ۶۸ بابت ۱۹۷۵ء کی، دفعہ ۱۱ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں دفعہ ۱۱، میں،۔

(الف) ذیلی دفعہ (۱)، حسب ذیل سے تبدیل کی جائے گی یعنی:۔

''(۱) چیئرمین کا تقرر وزیراعظم کی جانب سے خواہ ابتدائی تقرری کے ذریعے ایسی قیود و شرائط پر جو وزیراعظم کی جانب سے متعین کی جائیں یا سرکاری ملازم جو بی ایس۔۲۰ سے کم کا نہ ہو، کی مستعار الخدمتی کی بنیاد پر کیا جاسکے گا۔''؛ اور

(ب) ذیلی دفعہ (۲)، میں لفظ "دوسری معیاد" لفظ "قابل تجدید معیاد" سے تبدیل کی جائے گی۔

**۵۔ ایکٹ نمبر ۶۸ بابت ۱۹۷۵ء کی، دفعہ ۱۲ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۲ میں، ذیلی دفعہ (۱)، میں الفاظ "وفاقی حکومت" الفاظ "وزیراعظم" سے تبدیل کئے جائیں گے۔

**۶۔ ایکٹ نمبر ۶۸ بابت ۱۹۷۵ء کی، دفعہ ۱۳ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۳ میں، ذیلی دفعہ (۲)، میں فقرہ شرطیہ میں الفاظ "وفاقی حکومت" الفاظ "وزیراعظم" سے تبدیل کئے جائیں گے۔

## بیان اغراض ووجوہ

1. حکومتی اقدامات کو تقویت دینے اور عام لوگوں کے لیے معیاری تعلیم کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے انٹر میڈیٹ اور سیکنڈری تعلیم کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے قواعد و ضوابط کو بین الاقوامی معیارات اور عصری ضروریات کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی ضرورت ہے۔ انٹرمیڈیٹ اور سیکنڈری تعلیم طلباء کے مستقبل کے کیریئر کی ترقی کے لیے ایک اہم بنیاد کے طور پر کام کرتی ہے اور اسے نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔

2. لہٰذا، ایکٹ میں ترمیم کی گئی ہے تاکہ بورڈ کو بہترین طریقوں کے مطابق انٹرمیڈیٹ اور ثانوی تعلیم کو منظم، منضبط، مربوط، اور اس کی نگرانی کے لیے ایک جامع فریم ورک فراہم کیا جاسکے۔ مجوزہ ترامیم کا مقصد بورڈ کو بین الاقوامی تعاون قائم کرنے کے قابل بناتے ہوئے تیز اور لچکدار فیصلہ سازی میں سہولت فراہم کرنا ہے۔ مزید برآں، بورڈ کی تشکیل کو مزید جامع انداز اپنانے کے لیے نظرثانی کی گئی ہے، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ فیصلہ سازی کے کلیدی عمل میں تمام متعلقہ فریقین کے نقطہ نظر پر غور کیا جائے۔

3. ان حکومتی اقدامات سے امید ہے کہ انٹرمیڈیٹ اور سیکنڈری تعلیم کے معیار کی بڑھوتری کو فروغ ملے گا اور طلباء کے مستقبل کے کیریئر کے کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور ہوں گی۔

4. مجوزہ ترمیمی بل کا مقصد ان مقاصد کا حصول۔

(ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی)
وفاقی وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت
اسلام آباد

مسلکہ۔ب

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

## وفاقی بورڈ برائے انٹر میڈیٹ وثانوی تعلیم ایکٹ، ۱۹۷۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

ہر گاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے اور ایسے طریقہ کار میں، وفاقی بورڈ برائے انٹر میڈیٹ وثانوی تعلیم ایکٹ، ۱۹۷۵ء (۲۸ مجریہ ۱۹۷۵ء) میں ترمیم کی جائے؛

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (۱) بل ہذا وفاقی بورڈ برائے انٹر میڈیٹ وثانوی تعلیم (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۶۸ بابت ۱۹۷۵ء کی، دفعہ ۵ کی ترمیم۔** وفاقی بورڈ برائے انٹر میڈیٹ وثانوی تعلیم ایکٹ، ۱۹۷۵ء (۶۸ مجریہ ۱۹۷۵ء) میں، بعد ازیں جس کا حوالہ مذکورہ ایکٹ کے طور پر دیا گیا ہے کی، دفعہ ۵ میں۔

(الف) شق (الف) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو الفاظ ''وزیر اعظم'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ب) شق (ب) میں، الفاظ ''یونیورسٹی گرانٹس کمیشن''، کو، الفاظ ''اعلی تعلیمی کمیشن'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ج) شق (ج) میں، الفاظ ''ڈپٹی سیکرٹری'' کو الفاظ ''جوائنٹ سیکرٹری'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(د) شق (ل) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ل) تعلیم کے شعبے میں ہر صوبائی حکومت کا ایک نمائندہ اور آزاد جموں کشمیر کی حکومت کا اور گلگت بلتستان کی حکومتوں بالترتیب سیکرٹری سکول ایجوکیشن؛''؛

(ہ) شق (ک) میں، آخر میں لفظ ''اور'' کو حذف کر دیا جائے گا؛

(و) شق (ل) کے بعد، حسب ذیل نئی شقات کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(م) سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ کا چیف ایگزیکٹو افسر؛

(ن) قومی یونیورسٹی برائے سائنس و ٹیکنالوجی کے انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ کا چیئر پرسن؛

(س) قومی یونیورسٹی برائے ٹیکنالوجی کے انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ کا چیئر پرسن؛ اور

(ع) قومی نصاب کونسل کا ڈائریکٹر۔''۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۶۸ بابت ۱۹۷۵ء کی، دفعہ ۸ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸ کی، ذیلی دفعہ (۲) میں،۔۔

(الف) شق (ب) کے بعد حسب ذیل نئی شق (ب الف) کا اندراج کیا جائے گا، یعنی:۔

''(ب الف)        دیگر صوبوں کے بورڈز کو امتحان میں معاونت کرنا؛''؛

(ب)    شق (د) کے بعد حسب ذیل نئی شق (د الف) کا اندراج کیا جائے گا، یعنی:۔

''(د الف)        قومی اور بین الاقوامی بورڈ کے ساتھ تعاون کرنا؛''؛

(ج)    شق (ہ) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت''، الفاظ ''وزیر اعظم'' سے تبدیل کئے جائیں گے؛

(د)    شق (د) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت''، الفاظ ''وزیر اعظیم'' سے تبدیل کئے جائیں گے؛ اور

(ہ)    شق (ف) کے بعد حسب ذیل نئی شق (ف الف) کا اندراج کیا جائے گا، یعنی:۔

''(ف الف)        پاکستان میں علاقائی دفاتر قائم کرنا؛''؛

۴۔ **ایکٹ نمبر ۶۸ بابت ۱۹۷۵ء کی، دفعہ ۱۱ کی ترمیم۔**    مذکورہ ایکٹ میں دفعہ ۱۱ میں۔

(الف)    ذیلی دفعہ (۱) حسب ذیل سے تبدیل کی جائے گی، یعنی:۔

''(۱)    چیئرمین کا تقرر وزیر اعظم کی جانب سے خواہ ابتدائی تقرری کے ذریعے ایسی قیود و شرائط پر جو وزیر اعظم کی جانب سے متعین کی جائیں یا سرکاری ملازم جو بی ایس۔ ۲۰ سے کم کا نہ ہو، کی مستعار الخدمتی کی بنیاد پر کیا جا سکے گا۔''؛ اور

(ب)    ذیلی دفعہ (۲) میں، لفظ ''دوسری معیاد'' لفظ ''قابل تجدید معیاد'' سے تبدیل کی جائے گی۔

۵۔    **ایکٹ نمبر ۶۸ بابت ۱۹۷۵ء کی دفعہ ۱۲ کی ترمیم۔**    مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۲ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' الفاظ ''وزیر اعظم'' سے تبدیل کئے جائیں گے۔

۶۔    **ایکٹ نمبر ۶۸ بابت ۱۹۷۵ء کی دفعہ ۱۳ کی ترمیم۔**    مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۳ میں، ذیلی دفعہ (۲)، میں فقرہ شرطیہ میں الفاظ ''وفاقی حکومت''، الفاظ ''وزیر اعظم'' سے تبدیل کئے جائیں گے۔

## بیان اغراض ووجوہ

۱۔ حکومتی اقدامات کو تقویت دینے اور عام لوگوں کے لیے معیاری تعلیم کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے انٹر میڈیٹ اور سیکنڈری تعلیم کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔اس مقصد کے حصول کے لیے فیڈرل بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے قواعد وضوابط کو بین الاقوامی معیارات اور عصری ضروریات کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی ضرورت ہے۔انٹر میڈیٹ اور سیکنڈری تعلیم طلباء کے مستقبل کے کیریئر کی ترقی کے لیے ایک اہم بنیاد کے طور پر کام کرتی ہے اور اسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

۲۔ لہذا، ایکٹ میں ترمیم کی گئی ہے تاکہ بورڈ کو بہترین طریقوں کے مطابق انٹر میڈیٹ اور ثانوی تعلیم کو منظم، منضبط، مربوط، اور اس کی نگرانی کے لیے ایک جامع فریم ورک فراہم کیا جاسکے۔ مجوزہ ترامیم کا مقصد بورڈ کو بین الاقوامی تعاون قائم کرنے کے قابل بناتے ہوئے تیز اور لچکدار فیصلہ سازی میں سہولت فراہم کرنا ہے۔مزید برآں، بورڈ کی تشکیل کو مزید جامع انداز اپنانے کے لیے نظر ثانی کی گئی ہے، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ فیصلہ سازی کے کلیدی عمل میں تمام متعلقہ فریقین کے نقطہ نظر پر غور کیا جائے۔

۳۔ ان حکومتی اقدامات سے امید ہے کہ انٹر میڈیٹ اور سیکنڈری تعلیم کے معیار کی بڑھوتری کو فروغ ملے گا اور طلباء کے مستقبل کے کیریئر کے کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور ہوں گی۔

۴۔ مجوزہ ترمیمی بل کا مقصد ان مقاصد کا حصول ہے۔

**(ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی)**

**وفاقی وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت**

**اسلام آباد**